**27/01/2026**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاشوانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شیخ انوار الحق سے خبریں سُن**

**یوم جمہوریہ**

**ملک نے کل حب الوطنی کے جذبے کے تحت اپنا 77**
**واں یوم جمہوریہ منایا اور اس سلسلے میں ملک بھر میں رنگا رنگ تقاریب کا اہتمام کیا گیا ۔**
**ملک کی سطح کی سب سے بڑی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منائی گئی جہاں پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترنگا لہر**
**اکر جشن جمہوریہ منانے میں قوم کی قیادت کی ۔**
**تقریب کے دوران ملک کے گوناگوں، ثقافتی ورثے ، اقتصادی ترقی نیز فوجی طاقت کی عکاسی کی گئی ۔**

**Ursula Von Der اور یوروپی کمیشن کی صدر Antonio Da Costa یوروپی کونسل کے صدر**
**اس سال یوم جمہوریہ تقریب پر خاص مہمانوں کی حیثیت سے موجود تھے-Leyen**

**جموں و کشمیر تقریب**

**جموں و کشمیر میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب جموں کے مولانا آزاد میموریل اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی جہاں لیفٹ**
**نٹ گورنر منوج سنہا نے ترنگا لہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔**

**اس موقعے پر اپنے خطاب میں لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ جموں و کشمیر میں تعمیر و ترقی کا ایک نئی صبح طلوع ہوئی ہے او**
**ر لوگوں کی راحت رسانی کے لئے مختلف شعبوں میں ترقیاتی پروجیکٹ عمل لائے جا رہے ہیں۔**
**انہوں نے کہا کہ یوم جمہوریہ ہمیں اُن اقدار کی یاد دہانی کراتا ہے جو ہمارے آئین میں مضمر ہیں ۔**

**-----------**

**سرینگر تقریب**

**سرینگر میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی جہاں نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھ**
**ری نے قومی جھنڈا پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سر**
**کار جموں و کشمیر میں ترقی کی رفتار کو بڑھانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھ رہی ہے۔**

سُریندر کمار چودھری نے کہا کہ حکومت کی پالیسیوں کے نتیجہ میں اقتصادی اور سیاحتی سرگرمیوں کو دوام حاصل ہو رہا ہے ۔انہوں نے سیاحوں کو دعوت دی کہ وہ آکر جموں کشمیر کی قدرتی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو جائیں ۔

## اضلاع تقریب

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں 77 ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تقاریب منعقد ہوئیں ۔
وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے اننت ناگ // وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے بارہمولہ //
امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کھٹوعہ اور جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلع میں قومی ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ کا معائنہ کیا۔

وادی کے دیگر اضلاع میں متعلقہ ضلع ترقیاتی کونسلوں کے چیرپرسنوں نے قومی پرچم پھیرایا۔شوپیان میں ضلع ترقیاتی کونسل کی چیرپرسن بلقیس جان // کولگام میں DDC چیرمین محمد افضل پرے
چیرپرسن نذہت اشفاق DDC //کپواڑہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیرمین عرفان سلطان پنڈتپوری //گاندربل میں
//پلوامہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیرمین باریا اندرابی
//بانڈی پورہ میں ڈیڈیسی چیرمین عبدالغنی بٹ اور بڈگام میں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

## At Home

At Home لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل شام لوک بھون جموں میں
کا اہتمام کیا جس میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،نیشنل کانفرنس صدر فاروق عبداللہ ،اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھ
ر ،فوج،پولیس ،سول انتظامیہ اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

## ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

----------

## موسم

موسمیات محکمہ کی پیشگوئی کے عین مطابق گزشتہ شب وادی کے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری کا سلسلہ شروع ہوا
جو آخری اطلاعات آنے تک جاری تھا ۔ صبح 8
بجے تک شوپیان قصبے میں چھ انچ تازہ برف جمع ہوئی تھی جبکہ ہیرپور ہ میں قریب دو فٹ تازہ برفباری ریکارڈ کی گئی تھی
.

## شاہراہ

تازہ برفباری کے نتیجہ میں سرینگر جموں قومی شاہراہ کو ٹریفک کی آمدرفت کے لئے بند کردیا گیا ہے ۔
مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ شاہراہ پر سفر شروع کرنے سے قبل ٹریفک کنٹرول یونٹ سے رابطہ کریں ۔
یہ امر قابل ذکر ہے کہ مغل روڑ اور سرینگر- سونہ مرگ -لیہہ روڑ ٹریفک کی آواجائی کے لئے پہلے ہی بند ہیں ۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 0 اعشاریہ
1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بجکر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہوگا ۔

خدا حافظ